# ﴾ شرائط نامہ ﴿

## ٹھیکہ آمدن پارکنگ فیس جنرل بس اسٹینڈ

## برائے سال 16-2015ء TMA منکیرہ

---

1۔ یہ کہ ٹھیکہ ایک سال ازمورخہ 01-7-2015 تا 30-6-2016 ہوگی۔اس میں توسیع ہرگز نہ ہوگی۔

2۔ یہ کہ بولی میں وہ آدمی حصہ لے سکے گا جو ڈسٹرکٹ گورنمنٹ بھکر میں باقاعدہ رجسٹر ہوگا۔اس کے علاوہ کوئی آدمی/فرد بولی میں حصہ لینے کی مجاز نہ ہوگی۔نیز بلیک لسٹ یاTMA کا باقیدار نیلام میں حصہ نہیں لے سکے گا۔

3۔ یہ کہ ہر بولی دہندہ کو نیلام کاروائی سے قبل بمطابق اشتہار مطلوبہ رقم بطور زر بیعانہ بورت کال ڈیپازٹ بحق ایڈمنسٹریٹر صاحب منکیرہ رجسٹریشن/شناختی کارڈ یا فرم کی صورت میں اتھارٹی لیٹر آفیسر نیلام کنندہ کے پاس جمع کرانا ہوگا۔ناکام بولی دہندہ کو زر بیعانہ موقع پر واپس کر دیا جائے گا۔جبکہ کامیاب بولی دہندہ کی یہ رقم میونسپل فنڈ میں جمع کرادی جائیگی۔جبکہ کل زر بیعانہ کی رقم کا2% بطور سکیورٹی جمع رہے گی۔بقیہ 1/10 حصہ میں جمع تصور ہوگی۔سکیورٹی کی رقم معیاد ٹھیکہ ختم ہونے پر تحصیل آفیسر (فنانس) کی طرف سے کلیرنس سرٹیفکیٹ جاری ہونے کے بعد قابل واپسی ہوگی۔

4۔ یہ کہ ٹھیکہ سب سے زیادہ بولی دینے والے کو دیا جائے گا۔

5۔ یہ کہ کامیاب بولی تابع منظوری ہاؤس تحصیل کونسل منکیرہ ہوگی۔جسے بغیر کوئی وجہ بتائے بولی منظور یا نامنظور کرنے کا اختیار ہوگا۔

6۔ یہ کہ بعد از منظوری ٹھیکہ کل زر نیلام کا1/10 حصہ اندر معیاد تین یوم جمع کرانا ہوگا۔اور بقیہ رقم گیارہ (10) مساوی اقساط میں ہر ماہ کی پانچ تاریخ تک ایڈوانس جمع کرانا ہوگی۔پانچ تاریخ کے بعد پانچ سو روپے یومیہ تاوان وصول کیا جائے گا یہ رعایت دس تاریخ تک ہو گی اس کے بعد ٹھیکہ منسوخ کرنے کی کاروائی عمل می لائی جائے گی تاہم ایڈمنسٹریٹر تاوان کی رقم میں 80% تک معافی دے سکتے ہیں۔

7۔ یہ کہ تمام ادائیگی کے بعد کامیاب بولی دہندہ مروجہ شرح کے مطابق اشٹام پیپر پر اقرار نامہ/معاہدہ ٹھیکہ تحریر و تکمیل کرانے کا پابند ہوگا۔جس کا خرچ ٹھیکیدار از خود ادا کرے گا۔بغیر معاہدہ تحریر کئے ٹھیکہ کا چارج حوالے نہ کیا جائے گا۔

8۔ یہ کہ ٹھیکیدار قانون/رولز/بائی لاز اور نوٹیفکیشن کے مطابق درج ذیل شرح سے ٹیکس وصول کرنے کا مجاز ہوگا:۔

| | | |
|---|---|---|
| i)۔ اے۔سی بس، کوسٹر وغیرہ | 10 | روپے فی چکر |
| ii)۔ نان اے۔سی بس، کوسٹر | 10 | روپے فی چکر |
| iii)۔ کوچ، ویگن، ڈانسن، ڈالا | 10 | روپے فی چکر |

ٹھیکیدار وصولی کا حساب کتاب بمطابق قواعد متعلقہ بکس میں رکھے گا۔جسے ایڈمنسٹریٹر یا ان کی جانب سے مقرر کردہ آفیسر چیک کرنے کا مجاز ہوگا۔اور موقع پر متعلقہ آفیسر مفادTMA جو بھی ہدایات جاری کرے گا اس کی پابندی ٹھیکیدار پر لازم ہوگی۔نیز ٹھیکیدار وصولی پارکنگ فیس جنرل بس اسٹینڈ پر کرنے کا پابند ہوگا۔

9۔ یہ کہ ٹھیکیدار کو مکمل اختیار حاصل ہوگا کہ وہ اپنے ٹھیکہ کی آمدن کی نگرانی اور مانیٹرنگ کرے نیز ٹھیکیدار اپنے ٹھیکہ کی آمدن کی وصولی پرسنل سٹاف کے ذریعے نہ کرے گا۔تمام وصولی TMA کی جانب سے مقرر کردہ سٹاف کرے گا۔جس کی تکمیل تنخواہ و دیگر الاؤنسز بذمہ ٹھیکیدار ہونگے۔اور اگر دوران میعاد ٹھیکہ ملازمین کی تنخواہ میں کوئی اضافہ ہوگا تو وہ بھی ٹھیکیدار کرنے کا پابند ہوگا۔

10۔ یہ کہ ٹھیکیدار وفاقی/صوبائی حکومت کے مروجہ ٹیکس ہائے گورنمنٹ کو ادا کرنے کا پابند ہوگا۔یا اگر گورنمنٹ نے ٹیکس ہائے کی وصولی کے لئے TMA منکیرہ کو مقرر کیا تو ٹھیکیدار سے ٹیکس کی رقم وصول کی جائے گی۔

11۔ یہ کہ دیگر اخراجات بابت کرایہ بلڈنگ جو کہ ٹھیکیدار کے قبضہ میں ہے رسید بکس، سٹیشنری، فرنیچر یا کوئی پراپرٹی جو وصولی کے لئے ٹھیکیدار کے زیر استعمال ہے ٹھیکیدار اس کی مکمل ادائیگی کرنے کا پابند ہوگا۔

TMO.

12- یہ کہ ٹھیکیدار بعداز منظوری اپنے خرچہ پر مروجہ شرح کے اشٹام پیپرز پر معاہدہ تحریر و تکمیل کرانے کا پابند ہوگا۔ بغیر معاہدہ تحریر کیے ٹھیکہ کا چارج ہرگز نہ دیا جائیگا۔ نیز ٹھیکیدار دو شخصی ضمانتیں یا بنک گارنٹی جو کہ ٹھیکہ کی رقم کے برابر ہو گیا مہیا کرے گا اور شخصی ضمانتی ذاتی طور پر بقایا واجبات ادا کرنے کے ذمہ دار ہونگے۔ اگر ٹھیکیدار ڈیفالٹر ہوگا تو عدم ادائیگی پر شخصی ضمانت دینے والوں اور ٹھیکیدار کے خلاف برابر کاروائی کی جائیگی۔ اور بذریعہ مالگزاری وصولی کی جائے گی۔

13- یہ کہ دوران میعاد ٹھیکہ TMA منکیرہ اور ٹھیکیدار کے مابین تنازع کی صورت میں:-

i)- دونوں فریقین ثالثی ایکٹ 1940ء کے تحت مسلہ حل کرانے کے پابند ہونگے۔

ii)- ثالث کا فیصلہ حتمی ہوگا اور کوئی بھی فریق عدالت سے رجوع کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

iii)- پبلک اور ٹھیکیدار کے مابین تنازع کی صورت میں تحصیل آفیسر (فنانس) یا ایڈمنسٹریٹر کی جانب سے مقرر کردہ آفیسر مجاز ایک ہفتہ کے اندر فیصلہ کرے گا۔

14- یہ کہ مذکورہ بالا شرائط کی خلاف ورزی یا درج ذیل خلاف ورزیوں پر ٹھیکہ بغیر نوٹس منسوخ تصور ہوگا۔

i)- مقرروقت تک واجبات کی عدم ادائیگی پر

ii)- اوورچارجنگ / رُولز / بائی لاز نوٹیفیکیشن کی خلاف ورزی کرنے پر

iii)- TMA منکیرہ کی جانب سے مفاد عامہ کے لئے جاری ہدایات کی خلاف ورزی کرنے پر بعداز منسوخی ٹھیکہ TMA منکیرہ اس بات کا فیصلہ کرے گی کہ بقیہ عرصہ کی وصولی خود کرے یا ٹھیکہ نیلام کرے۔ ہر دوصورتوں میں ادرے کو جس قدر نقصان ہوگا وہ ٹھیکیدار سے بذریعہ مالگزاری وصول کیا جائے گا۔

15- یہ کہ دوران میعاد ٹھیکہ کسی ناگہانی صورتحال / موسمی حالات کے پیش نظر یا کسی دیگر وجوہ کی بناء پر ٹھیکیدار سے کوئی رعایت Repate نہیں ہوگی۔ نیز دوران میعاد ٹھیکہ حکومت کی جانب سے آمدہ ہدایات اور (Auctioning of Collection Rights Rules 2003) کی پابندی لازم ہوگی۔

16- تحصیل کونسل منکیرہ جس نسبت سے اور جس تاریخ سے پارکنگ فیس کی شرح میں اضافہ کرے گی اسی نسبت اور تاریخ سے زر ٹھیکہ میں بھی اضافہ کیا جاءگا جو کہ ٹھیکیدار کے لئے قابل قبول ہوگا۔

17- اگر دوران میعاد ٹھیکہ TMA منکیرہ اور ٹھیکیدار کے مابین تنازعہ پیدا ہو جائے تو حکومت کی طرف سے مقرر کردہ ثالث حتمی فیصلہ فرمائیں گے اس فیصلے کے دونوں فریق پابند ہونگے اور اس کے خلاف ٹھیکیدار کسی عدالت میں رجوع نہ کر سکے گا۔

18- ٹھیکیدار بمطابق ہدایات حکومت کل زرنیلام کا 10% مروجہ شرح کے مطابق انکم ٹیکس ٹھیکہ کی میعاد شروع ہونے سے قبل جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ نیز پروفیشنل ٹیکس بھی گورنمنٹ کی ہدایت کے مطابق ادا کرے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| تحصیل آفیسر (فنانس) | تحصیل آفیسر (ریگولیشن) | تحصیل میونسپل آفیسر |
| TMA منکیرہ | TMA منکیرہ | TMA منکیرہ |